سوال

موجودہ نظام حکومت کے ٹیکس کی چوری کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

موجودہ حکومت ونظام حکومت غیر اسلامی ہے کیا ہم اس غیر اسلامی حکومت ''جس نے ہمارے اوپر بے شمار ٹیکس عائد کر رکھے ہیں ''کی چوری کر سکتے ہیں۔ مثلاً ریلوے میں دوران سفر ٹکٹ نہ لینا۔ بجلی چوری کرنا وغیرہ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

موجودہ حکومت اور نظام حکومت کچھ اسلامی اور کچھ غیر اسلامی ہے رسول اللہ ﷺ کا فرمان ابوداود، ترمذی اور مستدرک حاکم میں موجود ہے :

«أَدِّ الْأَمَانَةَ إِلَى مَنِ ائْتَمَنَكَ، وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ» (ترمذی ابواب البیوع جلد اول ص ۲۳۹ ابوداود۔ کتاب البیوع ۔ باب فی الرجل یاخذ حقہ من تحت یدہ)

''جو تیرے ساتھ امانت داری کا سلوک کرے تو بھی اس سے ایسا ہی کر اور جو تیرے ساتھ خیانت کرے تو اس سے خیانت نہ کر''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

خرید وفروخت کے مسائل ج1ص384